StudentBounty.com

**Series HRS**

Code No. **5B**

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

Roll No. | | | | | | | |

- Please check that this question paper contains **15** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **17** questions.
- **Please write down the Serial Number of the question before attempting it.**
- 15 minutes time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

**SUMMATIVE ASSESSMENT – II**

# اردو۔ (کورس B)

# URDU (Course B)

وقت : 3 گھنٹے

کل نمبر: ۹۰

*Time allowed : 3 hours*

*Maximum Marks : 90*



www.StudentBounty.com
Homework Help & Pastpapers

StudentBounty.com

## (حصّہ۔ الف)

1. درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیئے گئے سوالات کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔ 5

نظیر اکبرآبادی کا نام ولی محمد تھا۔ دہلی میں پیدا ہوئے تھے لیکن ساری عمر آگرہ میں بسر کی جسے اس وقت زیادہ تر اکبرآباد کہا جاتا تھا۔ نظیر اپنے آپ کو ہمیشہ آگرہ کا ہی سمجھتے رہے۔ اور اسی کے گیت گاتے رہے۔ آگرے میں ان کا کام لڑکوں کو پڑھانا تھا۔ لالہ بلاس رائے کے کئی لڑکے ان سے فارسی پڑھتے تھے۔ نظیر نے اس زمانے کی عام دلچسپی کو دیکھتے ہوئے غزلیں بھی بہت کہی ہیں مگر ان کا کمال روزمرّہ کی زندگی سے متعلق واقعات اور تجربات پر نظمیں لکھنے میں ظاہر ہوتا ہے۔ انھوں نے بچّوں کی زندگی اور کھیل کود کے بارے میں بہت سی دلچسپ نظمیں لکھی ہیں۔ انھوں نے ہولی، دیوالی، عید، شب برأت، محرم پیراکی کے میلے پر نظمیں تیار کی ہیں۔ مسلمان مذہبی بزرگوں کے علاوہ گرونانک، مہادیو جی، کرشن کنہیا پر بہت سی نظمیں لکھی ہیں۔ نظیر ہندوستانی زندگی کے نہ جانے کتنے پہلوؤں اور کتنی چیزوں سے واقف تھے۔ اس کا سبب یہ تھا کہ وہ عام لوگوں کے درمیان میں رہتے تھے۔ اور ان کے دُکھ سُکھ میں شریک تھے۔



www.StudentBounty.com
Homework Help & Pastpapers

StudentBounty.com

(i) نظیر اکبر آبادی کا نام تھا -

(a) محمد علی

(b) احمد ولی

(c) ولی احمد

(d) ولی محمد

(ii) نظیر اکبر آبادی لالہ بلاس رائے کے لڑکوں کو پڑھاتے تھے -

(a) سنسکرت

(b) اُردو

(c) فارسی

(d) ہندی

(iii) نظیر اکبر آبادی کہاں پیدا ہوئے ؟

(a) اکبر آباد میں

(b) دہلی میں

(c) عظیم آباد میں

(d) بنارس میں

(iv) نظیر اکبر آبادی کیا کام کرتے تھے ؟

(a) تجارت کرتے تھے

(b) شاعری کرتے تھے

(c) لڑکوں کے ساتھ کھیلتے تھے

(d) ان میں سے کچھ نہیں .



www.StudentBounty.com
Homework Help & Pastpapers

StudentBounty.com

(v) نظیر اکبرآبادی نے نظمیں لکھی ہیں۔

(a) مسلمانوں کے متعلق

(b) ہندؤں کے متعلق

(c) سرداروں کے متعلق

(d) ان میں سے سبھی کے متعلق

.2 درج ذیل اشعار کو پڑھیے اور ان سے متعلق دیئے گئے سوالات کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے۔ 5

جھٹ پٹے کے وقت گھر سے ایک مٹی کا دیا
ایک بڑھیا نے سر راہ لا کے روشن کر دیا
تاکہ رہ گیر اور پردیسی کہیں ٹھوکر نہ کھائیں
راہ سے آساں گزر جائے ہر ایک چھوٹا بڑا
یہ دیا بہتر ہے ان جھاڑوں سے اور فانوس سے
روشنی محلوں کے اندر ہی رہی جن کی سدا
سرخ رو آفاق میں وہ رہ نما مینار ہیں
روشنی سے جن کی ملّاحوں کے بیڑے پار ہیں

(i) جھٹ پٹے کے معنی ہیں۔

(a) شام کا وقت

(b) صبح کا وقت

(c) دوپہر کا وقت

(d) آدھی رات

5B



www.StudentBounty.com
Homework Help & Pastpapers

(ii) گھر کے باہر مٹی کا دیا کس نے رکھا ؟

(a) بچّے نے

(b) بُڑھیا نے

(c) بوڑھے آدمی نے

(d) پڑوسی نے

(iii) مٹی کے دیئے کو شاعر نے کیا کہا ہے ؟

(a) روشن ستارہ

(b) موم بتّی

(c) مسجد کا مینار

(d) رہ نما مینار

(iv) مٹی کے دیئے کو شاعر نے کس سے بہتر بتایا ہے ؟

(a) بجلی کی روشنی سے

(b) موم بتی سے

(c) آتش بازی

(d) جھاڑ اور فانوس سے

(v) مٹی کا دیا گھر سے باہر اس لئے رکھا گیا تاکہ

(a) بچے پڑھ سکیں

(b) گھر سے باہر روشنی رہے

(c) راہ گیر اور پردیسی ٹھوکر نہ کھائیں

(d) گھر میں چور نہ آسکیں ۔



StudentBounty.com
www.StudentBounty.com
Homework Help & Pastpapers

StudentBounty.com

درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر تین صفحات پر مشتمل مضمون لکھیے: ۱۵

(i) پسندیدہ فلم

(ii) چڑیا گھر کی سیر

(iii) تعلیم کی اہمیت

4. اپنے والد کو خط لکھ کر انھیں اپنی پڑھائی کے بارے میں بتائیے۔ 8

- یا -

اپنے پرنسپل کے نام اپنا سیکشن تبدیل کرنے کی درخواست لکھیے۔

5. درج ذیل میں سے کسی 4 چار الفاظ کے متضاد لکھیے۔ 4

نیک ۔ خوشی ۔ زمین ۔ خاص

سیاہ ۔ دن ۔ امیر ۔ جیت

6. درج ذیل میں سے واحد کی جمع اور جمع کے واحد لکھیے۔ 4

بچّہ ۔ حضرت ۔ احکام ۔ گڑیاں

لڑکی ۔ اقدام ۔ مسجد ۔ صفحات

7. درج ذیل محاوروں میں سے صرف چار کو جملوں میں استعمال کیجیے۔ 4

دال نہ گلنا ۔ بات کاٹنا ۔ پھولے نہ سمانا

سبز باغ دکھانا ۔ جان میں جان آنا ۔ انجام بخیر ہونا



www.StudentBounty.com
Homework Help & Pastpapers

StudentBounty.com

نیچے لکھے ہوئے لفظوں سے مذکر کا مؤنث اور مؤنث کا مذکر لکھیے : 4

شیر ۔ بکری ۔ ملازم ۔ کبوتر
مالن ۔ بہن ۔ بیٹی ۔ مرد

۹. درج ذیل جملوں میں سے فعل تلاش کر کے لکھیے۔ 4

(i) تم کب آؤ گے
(ii) بچے کھیل رہے ہیں
(iii) موہن بازار سے لوٹ آیا ہے
(iv) بچوں کے پاس آدمی گھوم رہے تھے۔

۱۰. غیر حاضر میں "غیر" سابقہ اور "ڈاک خانہ" میں خانہ لاحقہ ہے۔ آپ بھی غیر اور خانہ لگا کر دو دو لفظ لکھیے۔ 4

۱۱. فعل مستقبل کی تعریف لکھیے اور اس کی دو مثالیں بھی لکھیے۔ 4



www.StudentBounty.com
Homework Help & Pastpapers

StudentBounty.com

## (حصّہ - ب)

12. درج ذیل اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالات کے دیئے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے۔ 8

آج کل کے عالم کہتے ہیں کہ ہماری دنیا پہلے آگ کا ایک گولہ تھی۔ اس آگ کا نہیں جو ہمارے گھروں میں جلتی ہے۔ یہ ایک اور ہی آگ تھی جو بن جلائے جلی اور بن بجھائے بجھ گئی۔ شاید یہ وہ چیز تھی جسے ہم بجلی کہتے ہیں لیکن کبھی نہ کبھی دنیا آگ کا گولا تھی ضرور، کیونکہ ہمیں ایسے ہی لاکھوں، کروڑوں آگ کے گولے آسمان میں چکّر کھاتے دکھائی دیتے ہیں۔ اور ہماری زمین پر اب بھی آتش فشاں پہاڑ جب چاہتے ہیں دہکتی آگ اُگل دیتے ہیں۔ یا زمین کے اندر سے کھولتے پانی کے چشمے پھوٹ نکلتے ہیں۔ دوسرے آگ کے گولے جو دنیا سے بہت بڑے اور بہت زیادہ پرانے ہیں، اب تک آگ ہی آگ ہیں۔ دنیا میں آگ، پانی اور زمین کیوں بن گئی۔ یہ ہمیں نہیں معلوم۔ بس ہماری قسمت میں کچھ یہی لکھا تھا۔

(i) ہماری دنیا پہلے کیا تھی ؟

(a) پانی کا ذخیرہ

(b) آگ کا شعلہ

(c) آگ کا گولا

(d) جنگل



www.StudentBounty.com
Homework Help & Pastpapers

(ii) لاکھوں کروڑوں آگ کے گولے کہاں چکر کھاتے ہیں ؟
(a) پانی میں
(b) ہوا میں
(c) زمین میں
(d) آسمان میں

(iii) آتش فشاں پہاڑ جب چاہتے ہیں، کہاں آگ اُگل دیتے ہیں ؟
(a) زمین پر
(b) آسمان میں
(c) سمندر میں
(d) جنگل میں

(iv) زمین سے کس چیز کے چشمے پھوٹ نکلتے ہیں ؟
(a) ٹھنڈے پانی کے
(b) کھولتے پانی کے
(c) آگ کے
(d) دودھ کے

-یا-

اب رضیہ اور التونیہ نے دلّی کا تخت واپس لینے کا ارادہ کیا۔ انھوں نے کچھ ترک امیروں اور راجپوتوں کی مدد سے دلّی پر حملہ کیا۔ مخالف امیروں نے سوچا کہ رضیہ دلّی میں بڑی مقبول ہے اگر اس کی فوجیں یہاں پہنچ گئیں تو اس کے مددگار اٹھ کھڑے ہوں گے۔ اس لئے جنگ دلّی سے دُور ہونی چاہیئے



StudentBounty.com
www.StudentBounty.com
Homework Help & Pastpapers

چنانچہ بہرام کی فوج نے رضیہ کو راستے ہی میں روک دیا۔ شاہی فوج تعداد میں زیادہ تھی اور اس کے پاس بہتر ہتھیار بھی تھے۔ گھمسان لڑائی ہوئی۔ رضیہ نے بڑی ہمت دکھائی لیکن اسے شکست ہوئی، اور اسے قتل کر دیا گیا۔ رضیہ سلطان نے صرف ساڑھے تین سال حکومت کی۔"

(i) دلی کا تخت واپس لینے کا ارادہ کس نے کیا؟

(a) رضیہ نے

(b) التونیہ نے

(c) یاقوت نے

(d) رضیہ اور التونیہ نے

(ii) بہرام کی فوج نے رضیہ کو -

(a) دلی آنے دیا

(b) دلی سے نکال دیا

(c) راستے ہی میں روک دیا

(d) راستے سے مار بھگایا

(iii) رضیہ اور التونیہ نے ترک امیروں کی مدد سے -

(a) دلی پر حملہ کیا

(b) آگرہ پر حملہ کیا

(c) دکن پر حملہ کیا

(d) بنارس پر حملہ کیا



StudentBounty.com
www.StudentBounty.com
Homework Help & Pastpapers

StudentBounty.com

(iv) رضیہ سلطان نے دلی پر حکومت کی :

(a) تین سال

(b) دو سال

(c) ڈھائی سال

(d) ساڑھے تین سال

13. درج ذیل میں سے صرف تین سوالوں کے جواب لکھیے۔ 2x3=6

(i) موڈیم کسے کہتے ہیں ؟

(ii) بریل کے ذریعے پڑھائی کس طرح ہوتی ہے ؟

(iii) زمین کے برفستان بن جانے پر جانداروں کا کیا حال ہوا ؟

(iv) سرائے والے اور مزدور میں کیا جھگڑا تھا ؟

14. ڈاکٹر امبیڈکر کی زندگی کے حالات سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے۔ انھوں نے ملک سے چھوت چھات اور ذات پات کا فرق مٹانے کی جو کوشش کی انھیں اپنے لفظوں میں لکھیے۔ 4

- یا -

کیا حاضر جوابی اور ذہانت سے انسان کو عزت اور مقبولیت حاصل ہوتی ہے۔ واضح کیجیے۔



www.StudentBounty.com
Homework Help & Pastpapers

StudentBounty.com

درج ذیل اشعار کو پڑھیے اور ان سے متعلق سوالوں کے دیئے گئے متبادل جوابوں میں سے درست جواب کی نشاندہی کیجئے۔ 8

جو بات مجھ میں ہے، تجھ کو وہ ہے نصیب کہاں
بھلا پہاڑ کہاں، جانور غریب کہاں
کہا یہ سُن کے گلہری نے منہ سنبھال ذرا
یہ کچی باتیں ہیں، دل سے انھیں نکال ذرا
جو میں بڑی نہیں تیری طرح تو کیا پرواہ
نہیں ہے تو بھی تو آخر مری طرح چھوٹا
ہر ایک چیز سے پیدا خدا کی قدرت ہے
کوئی بڑا، کوئی چھوٹا، یہ اس کی حکمت ہے

(i) درج بالا اشعار کا تعلق کس شعری صنف سے ہے ؟

(a) غزل
(b) مرثیہ
(c) قصیدہ
(d) نظم

(ii) یہ اشعار کس شاعر کے ہیں ؟

(a) بشر نواز
(b) اقبالؔ
(c) ساحر لدھیانوی
(d) غالبؔ



www.StudentBounty.com
Homework Help & Pastpapers

StudentBounty.com

(iii) ان اشعار میں بات چیت کس کے درمیان ہے ؟
(a) انسان اور جانور
(b) پہاڑ اور گلہری
(c) زمین اور آسمان
(d) گلہری اور ہاتھی

(iv) کوئی بڑا کوئی چھوٹا یہ کس کی حکمت ہے ؟
(a) انسان کی
(b) خدا کی
(c) پہاڑ کی
(d) گلہری کی

- یا -

کہو، وطن کی خاک ہی کو گلستاں بنائیں گے
روش روش کو اس چمن کی کہکشاں بنائیں گے
کلی کلی نکھار کے
جلاؤ دیپ پیار کے
ہمیں خود اپنے گلستاں پہ آج اختیار ہے
نئی نئی بہار ہے
قدم بڑھاؤ دوستو، قدم بڑھاؤ دوستو

(i) یہ اشعار کس شاعر کے ہیں ؟
(a) ساحر لدھیانوی
(b) ذوق
(c) اقبال
(d) بشر نواز



www.StudentBounty.com
Homework Help & Pastpapers

StudentBounty.com

(ii) ان اشعار کا تعلق کس صنف شاعری سے ہے ؟

(a) نظم

(b) رباعی

(c) مثنوی

(d) غزل

(iii) شاعر وطن کی خاک کو کیا بنانا چاہتا ہے ؟

(a) کہکشاں

(b) گلستاں

(c) کلی کلی

(d) دیپ

(iv) "کہکشاں" کے معنی ہیں۔

(a) باغ میں بنا ہوا راستہ

(b) پگڈنڈی

(c) ستاروں کا جھرمٹ

(d) شہر کی سڑکیں

16. درج ذیل سوالات میں سے صرف دو کے جواب لکھیے۔ 4

(i) ؎ کوئی امید بر نہیں آتی
کوئی صورت نظر نہیں آتی

اس شعر میں 'کوئی صورت نظر نہیں آتی' سے شاعر کی کیا مراد ہے ؟



www.StudentBounty.com
Homework Help & Pastpapers

StudentBounty.com

(ii) نظم "پہاڑ اور گلہری" میں شاعر نے ایسا کون سا کام کہا ہے جو گلہری کر سکتی ہے لیکن پہاڑ کے بس کا نہیں ہے۔؟

(iii) ؎ نازاں نہ ہو خرد پہ، جو ہونا ہے ہو وہی
دانش تری، نہ کچھ مری دانش وری چلے

اس شعر کی روشنی میں لکھیے کہ شاعر نے عقل پر فخر کرنے سے کیوں منع کیا ہے؟

(iv) ؎ بہتر تو ہے یہی کہ نہ دنیا سے دل لگے
پر کیا کریں جو کام نہ بے دل لگی چلے

اس شعر میں "بہتر تو ہے یہی کہ نہ دنیا سے دل لگے" سے شاعر کیا کہنا چاہتا ہے؟

17. نظم 'اے شریف انسانو!' میں شاعر نے جنگ کو امن عالم کا خون کہا ہے۔ کیا آپ اس بات سے اتفاق کرتے ہیں۔ اپنا جواب تفصیل سے لکھیے۔ 4

۔یا۔

"قدم بڑھاؤ دوستو" نظم میں قدم بڑھاؤ سے شاعر کی کیا مراد ہے۔ اس نظم کا مرکزی خیال تفصیل سے لکھیے۔



www.StudentBounty.com
Homework Help & Pastpapers